# REPORT

## Academy for Professional Development of Urdu Medium Teachers (Urdu Academy), JMI and Holistic Education Trust Delhi, jointly organized a 3-Day Workshop to revise and update Environmental Studies (World Around Us) Textbooks

The inaugural function of the three-day workshop on textbook revision and material development was held on 18 August 2025 in the Library-Cum-Committee Room of Urdu Academy, Noam Chomsky Complex, Jamia Millia Islamia. The workshop continued from 18th to 20th August 2025, focusing on the revision of Environmental Studies (World Around Us) textbooks for foundational and preparatory stages of school education. The workshop was jointly organized by the Academy of Professional Development of Urdu Medium Teachers (APDUMT), Jamia Millia Islamia (JMI) and the Holistic Education Trust (HET), Delhi. The objective of the workshop was to revise and rationalize the content of textbooks in line with the frameworks of the National Education Policy (NEP-2020), the National Curriculum Framework for Foundational Stage (NCFFS-2022), and the National Curriculum Framework for School Education (NCFSE-2023). The Academy expressed sincere gratitude to the Hon'ble Vice Chancellor of JMI, Prof. Mazhar Asif, and the Registrar, Prof. Md. Mahtab Alam Rizvi, for granting approval to conduct the workshop in collaboration with the Holistic Education Trust.

In his welcome address, Prof. Jasim Ahmad, Honorary Director, APDUMT, JMI, welcomed all the resource persons who joined the workshop and the workshop coordinators Janab Inamullah Falahi, Dr. Abdul Wahid Nazeer, and Dr. Hina Afrin. He elaborated on the major aims of the workshop, emphasizing the principles of content organization and the curricular goals outlined in NCFSE-2023. Prof. Ahmad underscored the importance of embedding the values, culture, and heritage of India in textbooks, while also integrating 21st-century skills. He highlighted that during inclusion or exclusion of content, due consideration must be given to learner needs and contemporary challenges.

This was the second workshop in the series which focused on the preparation of the Teachers' Handbook on Mahauliyati Mutalayaat for Class I and II, preparation of syllabus and table of contents of Mahualiyati Mutalayaat for Class III, IV and V, and finalization of content for Class IV. During the workshop, resource persons engaged in both plenary discussions and subject/class-specific groups, leading to constructive debates and exchanges of ideas. This collaborative process facilitated the addition of new chapters and the rewriting of existing ones,

ensuring that the textbooks become more contextualized, relevant, and responsive to present-day educational needs. The workshop concluded on 20th August 2025, with the second draft of revised chapters and rationalized content being prepared. It was resolved that in the next workshop, the prepared chapters would be presented and further deliberated upon to finalize the textbooks of Mahauliyati Mutalayaat for Classes III, IV, and V.

The 3-day workshop ended on 20 August 2025 with a vote of thanks by the coordinator Dr. Abdul Wahid Nazeer to all the resource persons.















Social Studies

# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## اکادمی برائے فروغ استعداد اردو میڈیم اساتذہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ہولسٹک ایجوکیشن ٹرسٹ، دہلی کا ماحولیاتی مطالعات کی درسی کتابوں پر نظر ثانی اور تجدید سے متعلق مشترکہ سہ روزہ ورکشاپ کا انعقاد

New Delhi, August 21, 2025.

اکادمی برائے فروغ استعداد اردو میڈیم اساتذہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور ہولسٹک ایجوکیشن ٹرسٹ، دہلی کا ماحولیاتی مطالعات سے متعلق درسی کتابوں پر نظر ثانی اور موادی کی تیاری کے سلسلے میں سہ روزہ ورکشاپ کا افتتاحی اجلاس مورخہ اٹھارہ اگست دو ہزار پچیس کو اکادمی برائے فروغ استعداد اردو میڈیم اساتذہ کے لائبریری کم کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ سہ روزہ ورکشاپ اٹھارہ اگست سے بیس اگست دو ہزار پچیس تک جاری رہا جس میں اسکول ایجوکیشن کے بنیادی اور تیاری والے مراحل پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ماحولیاتی مطالعات سے متعلق (دنیا ہمارے آس پاس) اردو کی درسی کتابوں پر نظر ثانی کا کام ہوا۔ واضح ہو کہ یہ سہ روزہ ورکشاپ اکادمی برائے فروغ استعداد اردو میڈیم اساتذہ اور ہولسٹک ایجوکیشن ٹرسٹ (دہلی) کا مشترکہ ورکشاپ تھا۔ ورکشاپ کا مقصد قومی تعلیمی پالیسی دو ہزار بیس، قومی نصابی خاکہ برائے بنیادی مرحلہ (این سی ایف ایف ایس، دو ہزار بائیس) اور قومی نصابی خاکہ برائے اسکول ایجوکیشن (این سی ایف ایس ای۔ دو ہزار تیئیس) کی ہدایات اور رہنما اصولوں کے مطابق مذکورہ درسی کتابوں کے مواد میں ہم آہنگی اور معقولیت لانا تھا۔ اکیڈمی نے ہولسٹک ایجوکیشن ٹرسٹ کے اشتراک سے ورکشاپ کے انعقاد کی منظوری دینے کے لیے عزت مآب شیخ الجامعہ پروفیسر مظہر آصف اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے تئیں گہرے خلوص اور جذبہ امتنان کا اظہار کیا۔

اپنی استقبالیہ تقریر میں پروفیسر جسیم احمد، اعزازی ڈائریکٹر، اکادمی برائے فروغ استعداد اردو میڈیم اساتذہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ورکشاپ میں شریک تمام خصوصی ماہرین، کو آرڈی نیٹرز جناب انعام اللہ فلاحی، ڈاکٹر واحد نظیر اور ڈاکٹر حنا آفرین کا خیر مقدم کیا۔ انھوں نے ورکشاپ کے اغراض و مقاصد کی وضاحت کرتے ہوئے این سی ایف ایس ای۔ دو ہزار تیئیس کی روشنی مواد کی تنظیم و ترتیب کے اصولوں پر زور دیا۔ پروفیسر احمد نے اپنی گفتگو میں درسی کتابوں میں اقدار، تہذیب اور وراثت کے ساتھ ساتھ اکیسویں صدی کی مہارتوں کی شمولیت کی اہمیت بھی اجاگر کی۔ انھوں نے مزید کہا کہ مواد کی شمولیت اور اس کی عدم شمولیت میں

آموزگاروں کی ضروریات پر خاص توجہ ناگزیر ہے۔

ماحولیات سے متعلق درسی کتابوں پر نظر ثانی سے متعلق سیریز کی یہ دوسری ورکشاپ تھی جو درجہ اول اور درجہ دوم کے اساتذہ کے لیے ماحولیاتی مطالعات ہینڈ بک کی تیاری نیز تیسری، چوتھی اور پانچویں جماعتوں کے ماحولیاتی مطالعات کے نصابی خاکے اور مشمولات کی تیاری اور چوتھی جماعت کے لیے مواد کو قطعی شکل دینے پر مرکوز تھی۔ ورکشاپ کے دوران ماہرین خصوصی نے عنوانات کی مجموعی ترتیب و تنظیم پر وسیع تر مباحثے کے ساتھ ساتھ مضمون اور کلاس اسپیسفک گروپ بنایا جس سے مفید اور کارآمد باتیں سامنے آئیں۔ اس اشتراک سے موجودہ کتابوں میں نئے ابواب بھی شامل کیے گئے اور سابقہ اسباق کو نئے دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ بھی کیا گیا۔

ورکشاپ مورخہ بیس اگست دو ہزار پچیس کو اختتام پذیر ہوا جس میں نظر ثانی شدہ ابواب کے دوسرا مسودہ اور جدید تر مواد تیار کیا گیا۔ اور یہ طے پایا کہ آئندہ ورکشاپ میں تیار شدہ ابواب پیش کیے جائیں اور ان پر مزید غور و خوض کیا جائے تاکہ درجہ سوم، چہارم اور پنجم کی ماحولیات سے متعلق درسی کتابوں کو ہر لحاظ سے مکمل کیا جاسکے۔

کوآرڈی نیٹر ڈاکٹر واحد نظیر کے اظہار تشکر کے ساتھ سہ روزہ ورکشاپ بیس اگست دو ہزار پچیس کو اختتام پذیر ہوا۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ